رول نمبر طالب علم | 2-353 | نمونہ رول نمبر طالب علم: 5 2 7 4 2 0

**BN-XIXVII-I**

**اُردو (لازمی، پارٹ-I)**

**(حصہ اول)**

**(Version-2)**

وقت : 20منٹ

نمبر : 20

دستخط سپرنٹنڈنٹ

**سوال نمبر1:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات Ⓐ،Ⓑ،Ⓒ اور Ⓓ دیئے گئے ہیں۔ ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

i. آغا حشر کاشمیری کا پہلا اُردو ڈرامہ ــــــــ تھا۔
Ⓐ رستم و سہراب Ⓑ یہودی کی لڑکی Ⓒ خوبصورت بلا ● مرید شک

ii. مدرسے کو شاگردوں کا ــــــــ ہو گیا ہے۔
● قرضہ Ⓑ خرچہ Ⓒ ضرورت Ⓓ کوئی نہیں

iii. نہرو رپورٹ ــــــــ کو شائع ہوئی۔
Ⓐ 1925ء Ⓑ 1926ء Ⓒ 1927ء Ⓓ 1928ء

iv. نظم "حمد" کے شاعر ــــــــ ہیں۔
Ⓐ محسن کاکوروی Ⓑ نظیر اکبر آبادی ● ماہر القادری Ⓓ مرزا دبیر

v. انسان نہ صرف ادب بلکہ ہر چیز کی ــــــــ میں لطف محسوس کرتا ہے۔
Ⓐ پیدائش ● تخلیق Ⓒ موجودگی Ⓓ احساس

vi. وہ اسم جو کسی وقت یا لمحہ کا تعین کرے ــــــــ کہلاتا ہے۔
● اسم ظرف زماں Ⓑ اسم ظرف مکاں Ⓒ اسم صوت Ⓓ اسم آلہ

vii. ماہر القادری کا اصل نام منظور حسین اور ــــــــ تخلص تھا۔
Ⓐ منظور Ⓑ قادری ● ماہر Ⓓ حسین

viii. ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان ــــــــ میں پیدا ہوئے۔
● جبل پور Ⓑ علی پور Ⓒ ہری پور Ⓓ غلام پور

ix. "بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے" ــــــــ کا مصرع ہے۔
Ⓐ غلام ہمدانی مصحفی ● غالب Ⓒ میر Ⓓ میر درد

x. فسانہ آزاد ــــــــ کا ناول ہے۔
Ⓐ خدیجہ مستور Ⓑ آغا حشر کاشمیری Ⓒ رتن ناتھ سرشار Ⓓ جمیل الدین عالی

xi. نصاب میں شامل علامہ اقبال کا خط عبدالحق اور ــــــــ کے نام ہے۔
● اپنے والد Ⓑ والدہ Ⓒ بھائی Ⓓ بہن

xii. پاکستان کی آبادی میں کمی نہ کی گئی تو آئندہ ــــــــ سالوں میں یہ دوگنا ہو جائے گی۔
● 35 Ⓑ 36 Ⓒ 37 Ⓓ 38

xiii. یہ ہندوستانی لوگ پہلے ــــــــ کرنا بھی تو سیکھ لے۔
Ⓐ بات ● حکومت Ⓒ بادشاہت Ⓓ تینوں

xiv. عبدالرحمان بابا نے ساری عمر ــــــــ میں گزاری
Ⓐ مزار ● پشاور Ⓒ دربار Ⓓ لاہور

xv. مرزا محمود سرحدی کو اکبر ــــــــ بھی کہا جاتا ہے۔
Ⓐ [illegible] Ⓑ دکن Ⓒ آلہ آبادی ● سرحد

xvi. اُردو زبان کا پہلا سفر نامہ نگار ــــــــ ہے۔
Ⓐ جمیل الدین عالی Ⓑ ابن انشاء Ⓒ یوسف خان کمبل پوش Ⓓ مستنصر حسین تارڑ

xvii. نصاب میں شامل مضمون "اپنی مدد آپ" کے خالق ــــــــ ہیں۔
Ⓐ ڈاکٹر سید عبداللہ ● سر سید احمد خان Ⓒ خدیجہ مستور Ⓓ ابن انشاء

xviii. ظالم اور خود مختار ــــــــ بھی زیادہ خراب نتیجے پیدا نہیں کر سکتی۔
Ⓐ رعایا Ⓑ لوگ ● حکومت Ⓓ بادشاہ

xix. نظم "نصیحت اخلاق" کے شاعر ــــــــ ہیں۔
● اکبر الہ آبادی Ⓑ حفیظ جالندھری Ⓒ حالی Ⓓ میر حسن

xx. "شیراز اور کنار آب رکناباد وغیرہ" صنف کے لحاظ سے ــــــــ ہے۔
Ⓐ افسانہ Ⓑ ناول ● سفرنامہ Ⓓ آپ بیتی

eduvision.edu.pk

BN-XIXVII-I P-354

کل وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

اُردو (لازمی)، پارٹ-I)

(حصہ دوم و سوم)

نمبر: 80

نوٹ: دونوں حصوں کو دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔

## (حصہ دوم)

نمبر: 50

سوال 2: ذیل میں سے (دس) اجزاء کے 4/5 سطور میں جواب لکھیں۔ ہر جزو کے نمبر برابر ہیں۔

i. سرسید کے مضمون "اپنی مدد آپ" کا خلاصہ لکھیں۔

ii. مرکب مصادر کون سے ہوتے ہیں چند مثالیں لکھیں۔

iii. نظریہ پاکستان کے مقاصد کے حصول کیلئے آپ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

iv. قومیت اور علاقائیت کے مابین جو امتیاز مصنف نے واضح کیا ہے اُسے اپنے الفاظ میں لکھیں۔

v. فنون لطیفہ پر مختصر نوٹ لکھیں۔

vi. "فسانہ آزاد" سے شامل نصاب عبارت کی روشنی میں بتائیں کہ اس وقت لکھنؤ کے نوابوں کے کیا رنگ ڈھنگ تھے؟

vii. ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ بے نقط سنانا، تجسس، کوفت ہونا، بے ہنگم، سوانگ رچانا۔

viii. آغا حشر کاشمیری کے چند کتب کے نام لکھیں۔

ix. بدی نے اپنی تعریف میں جو کچھ کہا اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

x. محاورے کی تعریف کریں اور کوئی سے پانچ محاورے لکھیں۔

xi. نظم "شہر آشوب" میں پھرماگو" سے کیا مراد ہے؟

xii. صنعت تضاد کی تعریف کریں اور چند مثالیں دیں۔

xiii. میر کی شاعرانہ خصوصیات پر مختصر نوٹ لکھیں۔

eduvision.edu.pk

## (حصہ سوم)

نمبر: 30

نوٹ: درج ذیل سوالات کے جوابات دی گئی ہدایات کے مطابق تحریر کریں۔

سوال 3: مصنف، سبق اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔

الف: اب رہا یہ سوال کہ جب یہ ملک مسلمانوں کا حاصل کردہ ہے اور انہی کے نظریے کی خاطر بنا ہے تو پھر اس میں غیر مسلموں کا کیا مقام ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ وطن ہونے کے لحاظ سے پاکستان مسلموں اور غیر مسلموں کا مشترکہ وطن ہے اور وطن کے اشتراک کا دوسرا مطلب ماسوا اس کے کچھ نہیں کہ اس میں دنیاوی لحاظ سے مسلم اور غیر مسلم شہری کے حقوق مساوی ہوں گے اور مذہب کے فرق سے ان کے حقوق شہریت، امن و آسائش اور حقوق و اختیارات میں کوئی فرق نہیں ہو گا اس کے علاوہ اسلام میں یوں بھی عبادت اور مذہبی آزادی کا اُصول ایک مسلم اُصول ہے۔

-یا-

ب: ہمیں اس بات کو بھی اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ نظریہ پاکستان میں اسلامی زندگی اور قدروں کا تصور بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ اخوت، مساوات، عدل، دیانت، خدا ترسی، انسانی ہمدردی اور عظمت کردار کے بغیر نظریہ پاکستان کو فروغ نہیں ہو سکتا۔ نظریہ پاکستان کا مقصد محض ایک حکومت قائم کرنا نہیں تھا۔ کیوں کہ مسلمانوں کی حکومتیں ایشیاء اور افریقہ میں پہلے سے موجود تھیں۔ نظریہ پاکستان کا مقصد اسلامی اُصولوں کی ترویج و اشاعت اور اہل عالم کیلئے مثالی مملکت کا نمونہ فراہم کرنا ہے۔

سوال 4: شاعر اور نظم کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔

الف: کیا چھوٹے کام والے وکیا پیشہ ور نجیب : روزی کے آج ہاتھ سے عاجز ہیں سب غریب
ہوتی ہے بیٹھے بیٹھے جب آ شام عنقریب : اُٹھتے ہیں سب دکان سے کہہ کر کہ یا نصیب
قسمت ہماری ہو گئی بے اختیار بند

-یا-

ب: ہوئی جن سے توقع خستگی کی داد پانے کی : وہ ہم سے بھی زیادہ خستہ تیغ ستم نکلے
محبت میں نہیں ہے فرق مرنے اور جینے کا : اُسی کو دیکھ کر جیتے ہیں جس کافر پہ دم نکلے

سوال 5: "ماحول کی آلودگی اور بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل" اس موضوع پر دو طلبہ کے مابین مکالمہ تحریر کیجئے۔

سوال 6: اپنے شہر کے میونسپلٹی ایڈمنسٹریٹر کو خط لکھیں اور شاپنگ بیگ کے نقصانات سے آگاہ کرتے ہوئے انہیں تلف کرنے کی تجاویز بھی دیں۔